حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

تبصرہ: ابوالادیب

کتاب: آخری صلیبی جنگ (حصّہ چہارم)   مصنف: عبدالرشید ارشد

ضخامت: ۲۷۲ صفحات   قیمت: ۱۰۰ روپے

ملنے کا پتا: النور ٹرسٹ (رجسٹرڈ) جوہر پریس بلڈنگ، جوہر آباد

جناب عبدالرشید ارشد، اس سے پہلے ''آخری صلیبی جنگ'' کے تین حصے شائع کر چکے ہیں۔ جن میں صیہونیت کا بڑی دلیری کے ساتھ پردہ چاک کیا گیا ہے۔ آپ جس جذبے، جرأت و بے باکی کے ساتھ یہ کام انجام دے رہے ہیں ۔اس پر خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ یہودی اور عیسائی، مکمل منصوبہ بندی کے ساتھ، اپنے جن مذموم مقاصد کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں، اُن کی آگاہی کے حوالے سے جناب عبدالرشید ارشد کی کاوش واقعی قابلِ داد ہے۔ یہ ایک پکے سچے اور دردمند مسلمان کی محنت کا زندہ ثبوت ہے۔ جس میں مسلمانوں کو، اُن کے دشمنوں کی سازش سے بخوبی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ فاضل مصنف نے برسوں پر محیط حقائق کو بڑی جانفشانی کے ساتھ یکجا کیا ہے۔ اسرائیل کی آشیرباد سے پاکستان میں چلنے والی این جی اوز اور ان کے خطرناک عزائم کو بے نقاب کرنے کی کوشش کی ہے۔ وطنِ عزیز پر منڈلانے والے خطرات اور ان کے سدِّباب پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ خاص طور پر لوکلائزیشن اور شہری حکومتوں کے قیام کہ جس سے ملک کو تقسیم در تقسیم کے عمل سے گزارنا مقصود ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ دوسرے بہت سے اچھوتے ہوئے موضوعات پر مصنف کی بہت گہری نظر ہے۔ یہود و ہنود اور دوسرے دشمنانِ اسلام کی چالوں سے بخوبی آگاہ ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں، عالمِ اسلام کے خلاف صلیبی جنگوں کے مختلف محاذوں کی سرگرمیوں کا جائزہ، یہودیوں کی کارگزاریوں پر تبصرہ اور مسلم ممالک میں ہونے والے واقعات کا تجزیہ شامل ہے۔ پرنٹنگ، کاغذ، ٹائٹل جاذبِ نظر ہیں معیار کے مطابق قیمت واجبی ہے۔

(تبصرہ ابوالادیب)

مقالہ: ''علماءِ دیوبند اور مطالعۂ مسیحیت''   مقالہ نگار: سفیر اختر

ضخامت: ۴۰ صفحات   قیمت: ۵۰ روپے   ناشر: دارالمعارف، لوہسر شرفو (واہ کینٹ)

علماءِ دیوبند کی طرف سے مطالعۂ مسیحیت کے عنوان پر جو تحریری سلسلہ شروع کیا گیا اور پھر مسلسل اُن کی طرف سے، عیسائی پادریوں کا تعاقب کیا گیا۔ مناظرہ، تقریر اور تحریر ہر میدان میں دیوبند مکتبِ فکر کے علماء نے جس طرح فتنۂ عیسائیت کی بیخ کنی کی، مقالہ نگار نے پوری شرح و بسط کے ساتھ اس کا احاطہ کیا ہے۔ گویا کوزے میں دریا بند کر دیا